# RAMPUR GOVT. GAZETTE

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۱ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۰ رجب ۱۳۱۲ھ ہجری مطابق ۷ جنوری ۱۸۹۵ عیسوی | جلد ۷


### فہرست مضامین


| نمبر شمار | نام مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| | روبکار حضور پر نور دام اقبالہم | |
| ۱ | تقرر محفوظ اللہ خان بعہدہ جائنٹ سکرٹری ..... | ۱ و ۲ |
| | احکام اجلاس کامل | |
| ۲ | پنشن بھجن سنگھ جوالہ دار پلٹن ..... | ۲ |
| ۳ | پنشن نجابت خان نایک جوالہ دار رسالہ باجیر ..... | ۲ |
| ۴ | پنشن عبد المجید خان سپاہی پلٹن ..... | ۲ |
| | روبکار صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر | |
| ۵ | تقرر منشی عابد حسین بعہدہ کلرکی ..... | ۳ |
| | روبکارات صاحب جوڈیشل ممبر بہادر | |
| ۶ | جو اصل کاغذات بنا بر دعوی یا ثبوت مین پیش ہون تا انقضاے میعاد اپیل شامل مثل رہا کرین ..... | ۳ |
| ۷ | ممانعت تحریر عبارت (فیصلہ یا بن کال ہی) وقت تحریر فیصلہ تجویز ..... | ۳ |
| ۸ | روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ غسل سوار ..... | ضمیمہ |
| ۱۲۹ | نقشہ حیات و ممات در ... ماہ جنوری ..... | ۴ |


روبکار اجلاس ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم
واقع ۳۱ دسمبر ۱۸۹۴ع

چونکہ ذات خاص کے متعلق بہت کام ایسے ہین جنکی نگرانی کا تعلق ایک معتبر آدمی کے سپرد ہونا چاہیے - ہم اپنے خیال مین محفوظ اللہ خانکو اس کام کے واسطے موزون پاتے ہین مناسب ہے کہ امورات مفصلہ ذیل اونکی نگرانی مین رہین - اسٹور یعنی شکار و کرکٹ متعلقہ کارخانہ - اسلحہ خانہ خاص و عکاس خانہ - نچ کا اصطبل جو در دولت پر ہے اور اصطبل جانور آوارہ مین - محفوظ اللہ خان کے عہدہ کا نام جائنٹ سکرٹری موسوم کیا جاے -

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل اس رپورٹ کی درج گزٹ کی جاوے۔

## حکم اجلاس کامل - واقع ۵ر دسمبر ۱۸۹۴ء

آج یہ مثل بحضور ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن بھجن سنگھ ولد سمی سنگھ حوالدار پلٹن کمپنی یازدہم تعدادی مبلغ ساڑھے تین روپیہ ماہانہ یوم علحدگی خدمت سے منظور ہے مثل بنا بر اجراے احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

### حکم اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوں بخشی فوج اور اہلمد پنشنداران کو اطلاع دیجاوے - ۲۹ر دسمبر ۱۸۹۴ء

## حکم اجلاس کامل واقع ۵ر دسمبر ۱۸۹۴ء

آج یہ مثل بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن نجابت خان ولد ارادت خان نائک حوالدار رسالہ باجہ تعدادی مبلغ ساڑھے تین روپیہ ماہانہ یوم علحدگی خدمت سے منظور ہے - مثل بنا بر اجراے احکام ضابطہ باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

### حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوں بخشی فوج اور اہلمد پنشنداران کو اطلاع دیجاوے - ۲۹ر دسمبر ۱۸۹۴ء

## حکم اجلاس کامل واقع ۵ر دسمبر ۱۸۹۴ء

آج یہ مثل بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن عبد المجید خان سپاہی پلٹن کمپنی دوم تعدادی ڈہائی روپیہ ماہانہ یوم علحدگی خدمت سے منظور ہے - مثل بنا بر اجراے احکام باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

### حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوں بخشی فوج اور اہلمد پنشنداران کو اطلاع دیجاوے - ۲۹ر دسمبر ۱۸۹۴ء

## روبکار اجلاس صاحب اسسٹنٹ ریذیڈنٹ بہادر
## واقع ۳۰ دسمبر سنہ ۱۸۹۴ء

بوصول تحریر انگریزی اجلاسی صاحب ریذیڈنٹ بہادر پولٹیکل افسر نمبری ۱۰۹۹ مورخہ ۱۲ دسمبر سنہ ۱۸۹۴ء منشی عابد حسین بعہدہ کلرکی دفتر صاحب ریذیڈنٹ بہادر پولٹیکل افسر تنخواہ بیس روپیہ ماہوار تاریخ ۱۰ دسمبر سے بجاے گیان سروپ کلرک متوفی ۵ دسمبر سنہ ۱۸۹۴ء مقرر ہوے —

حکم ہوا کہ

احکام تقرر منشی عابد حسین حسب تصریح سند جاری ہون —

## روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
## واقع ۳۱ دسمبر سنہ ۱۸۹۴ء

دیکھا جاتا ہے کہ یہان کی عدالتون مین جو کاغذات تمسکات و بیعنامجات وغیرہ وجہ ثبوت مین عدالتہاے دیوانی مین داخل ہوتے ہین وہ اصل کاغذات شامل مثل نہین ہوتے بلکہ نقول غیر مصدقہ مثل مین شامل کیے جاتے ہین اصل کاغذ فریق پیش کنندہ کو فوراً بعد ملاحظہ واپس دیدیا جاتا ہے یا یہ کہ اصل کاغذ پیش ہی نہین کیا جاتا صرف نقل پر کارروائی ہوتی ہی یہ طریقہ نامناسب ہی ہمیشہ جو کاغذات بناے دعوی ہون یا ثبوت مین پیش کیے جاوین اصل داخل ہوکر شامل مثل ہونا چاہیے اور تا انقضاے میعاد اپیل اوسکا واپس ہونا نہین چاہیے لہذا —

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اسکی جملہ عدالتہاے دیوانی مین بھیجی جاوی کہ حسب صراحت مندرجہ بالا آیندہ کارروائی ہونا چاہیے اور ایک نقل درج گزٹ ہو

## روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
## واقع ۲ جنوری سنہ ۱۸۹۵ء

دیکھا جاتا ہے کہ عدالتہاے دیوانی مین جب کوئی مقدمہ عدالت اپیل سے بتنسیخ فیصلہ عدالت ماتحت واسطے تجویز ثانی کے کیا جاتا ہے تو عدالتہاے دیوانی مین بعد تحقیقات وغیرہ جب فیصلہ تجویز ثانی تحریر کیا جاتا ہے تو حکم مین یہ عبارت لکھی جاتی ہی (فیصلہ سابق بحال ہی) یہ بالکل نامناسب ہے فیصلہ سابق جب عدالت اپیل سے فسخ ہوچکا تو وہ کیسے بحال رہ سکتا ہے بعد حکم اپیل عدالت ماتحت سے جب دوسرا فیصلہ لکھا جاتا ہے تو وہ فیصلہ گویا تجویز جدید ہی فیصلہ سابق کی بحالی و غیر بحالی کی بحث کی کچھ ضرورت نہین ہے —

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اس روبکار کی ہدایتاً جملہ عدالتہاے دیوانی مین بھیجی جاوے اور ایک نقل درج گزٹ ہو —

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا